# 11-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریونیو اور ہاؤزنگ کے وزیر سرینواس ریڈی نے جو ضلع ورنگل کے بھی انچارج وزیر ہیں، اِس بات دہرایا ہے کہ ریاستی حکومت ورنگل شہر کی جامع ترقی کے لئے پرعزم ہے۔

۲۔ شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے آج شمس آباد میں واقع راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ کے آپریشنوں میں اضافہ اور مسافرین کی سہولت کے لئے اے آئی پر مشتمل ڈیجیٹل ٹوین پلیٹ فارم کا افتتاح کیا۔

۳۔ لوک سبھا نے آج ریلوے (ترمیمی) بل 2024 کو صوتی ووٹ سے منظور کرلیا۔

اور

۴۔ حیدرآباد کے وردھمان کالج آف انجینئرنگ اور آئی آئی ٹی حیدرآباد میں اسمارٹ انڈیا Hackathon، 2024ء کے سافٹ ویر ایڈیشن کو شروع کیا گیا ہے۔

○○

شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے آج شمس آباد میں واقع راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ کے آپریشنوں میں اضافہ اور مسافرین کی سہولت کے لئے اے آئی پر مشتمل ڈیجیٹل ٹوین پلیٹ فارم کا افتتاح کیا۔ مرکزی وزیر نے اس کے علاوہ اس ایرپورٹ پر نکسٹ جنریشن ایرپورٹ آپریشن سنٹر کا بھی آغاز کیا۔ ایرپورٹ کے انتظامیہ نے کہا کہ اِس پلیٹ فارم سے ایک منفرد سسٹم کو اپنانے میں مدد ملے گی جس سے پروازوں کی آمد و درفت میں کسی طرح کی مشکل نہیں ہوگی اور کام عمدگی سے چلے گا۔

○○

لوک سبھا نے آج ریلوے (ترمیمی) بل 2024 کو صوتی ووٹ سے منظور کرلیا۔ اس بل میں ریلوے ایکٹ 1989 میں ترمیم کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور اس کا مقصد ریلوے بورڈ کی طاقت کو بڑھانا اور باڈی کے کام کاج اور آزادی کو بہتر بنانا ہے۔ انڈین ریلوے بورڈ ایکٹ، 1905 کی تمام دفعات کو اس بل کے ذریعہ ریلوے ایکٹ، 1989 میں شامل کرنے کی تجویز ہے۔ یہ بل انڈین ریلوے بورڈ ایکٹ، 1905 کو منسوخ کرنے کی کوشش کرتا ہے، جس میں ریلوے بورڈ کی تشکیل اور اس کی تشکیل کی دفعات کو مناسب طریقہ سے ریلوے ایکٹ، 1989 میں شامل کیا گیا ہے۔ بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے کہا کہ یہ بل قانونی ڈھانچہ کو آسان بنانے کے لئے لایا گیا ہے۔

○○

مرکز نے آج بتایا کہ iGOT کرمیوگی پلیٹ فارم پر 1500 مختلف کورسز میں 49 لاکھ سے زیادہ سرکاری ملازمین شامل ہیں۔ لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں عملہ، عوامی شکایات اور پنشن کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ iGOT کرمیوگی پلیٹ فارم نے 2.7 کروڑ سے زیادہ اندراج اور 1.9 کروڑ کورس مکمل کئے ہیں۔

○○

Hackathon میں حصہ لینے والے طلبہ نے اِس قومی سطح کے پروگرام میں شامل ہونے کا موقع ملنے پر جوش وخروش کا اظہار کیا ہے۔ وردھمان کالج آف انجینئرنگ میں ہمارے نمائندہ سے بات چیت کرتے ہوئے شرکت کرنے والے طلبہ نے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ ارتھ سائنس کے لئے قابل عمل تجاویز پیش کریں گے۔

○○

نیشنل لیگل سرویس اتھاریٹی نے احکام کے تناظر میں تلنگانہ بھر میں ہفتہ کو قومی لوک عدالت منعقد کی جائے گی۔ اِس پروگرام کے ذریعہ مختلف سیول اور فوجداری معاملات کے بشمول زیرالتوأ کیسوں کا تصفیہ کیا جائے گا۔ چیف جسٹس اور پیٹرون اِن چیف کی رہنمائی میں تلنگانہ اسٹیٹ لیگل سرویس اتھاریٹی کے اگزیکیٹیو چیرمین نے متنازعہ معاملات کو ایک آسان طریقہ سے حل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ لوک عدالت کی خدمات مفت رہیں گی۔ ریاستی لیگل سرویس اتھاریٹی نے عوام پر زور دیا ہے کہ اس موقع پر فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے تنازعات کو بلا معاوضہ حل کروانے کے لئے آگے آئیں۔

○○

سکندرآباد کے علاقہ کماری گوڑہ میں واقع مندر میں آج سری متیالماتلی کی مورتی کو دوبارہ نصب کیا گیا۔ انڈومنٹ کی وزیر کونڈا سریکھا نے اِس موقع پر ریشمی ملبوسات پیش کرنے کے علاوہ خصوصی پوجا کی۔ مورتی کو نصب کئے جانے کی تقریب کے دوران مختلف ویدک منتر پڑھے گئے۔ واضح رہے کہ رواں برس 14 اکتوبر کو اِس مورتی کو نقصان پہنچایا گیا اور اس سلسلہ میں ایک شخص کو تحویل میں لے لیا گیا تھا۔

○○

حیدرآباد کے وردھمان کالج آف انجینئرنگ اور آئی آئی ٹی حیدرآباد میں اسمارٹ انڈیا Hackathon، 2024ء کے سافٹ ویر ایڈیشن کو شروع کیا گیا ہے۔ 57 ٹیموں پر مشتمل تقریباً 400 طلبہ اس پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں۔ نیشنل اکیڈیمی آف اگریکلچر اینڈ ریسرچ مینجمنٹ کے ڈائرکٹر سرینواس راؤ نے آئی آئی ٹی حیدرآباد میں مقامی پروگرام کا افتتاح کیا جبکہ حیدرآباد یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر بی جے راؤ نے شمس آباد میں واقع وردھمان کالج آف انجینئرنگ میں اس پروگرام کا رسمی آغاز کیا۔

○○

بھارت چنا دال اور ثابت چنے کی شکل میں ریٹیل فروخت کے لئے تین لاکھ ٹن سے زائد چنے کے زائد ذخیرہ کو رکھا گیا ہے۔ لوک سبھا میں آج ایک تحریری جواب دیتے ہوئے مملکتی وزیر برائے امورِ صارفین، تغذیہ اور عوامی تقسیم بی ایل ورما نے بتایا کہ بھارت چنا دال، 70 روپے فی کلو فروخت کیا گیا ہے جبکہ ثابت چنا کی قیمت 58 فی کلوگرام رکھی گئی ہے۔ وزیر کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق بھارت برانڈ نے مونگ اور مسور دال کے لئے بھی اپنی خدمات میں توسیع دی ہے۔ مسور کی دال 89 روپے فی کلوگرام فروخت ہوئی ہے۔

OO

ریونیواور ہاؤزنگ کے وزیر سرینواس ریڈی نے جوضلع ورنگل کے بھی انچارج وزیر ہیں، اِس بات دہرایا ہے کہ ریاستی حکومت ورنگل شہر کی جامع ترقی کے لئے پرعزم ہے۔سرینواس ریڈی نے آج سکریٹریٹ میں منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔اس اجلاس میں ضلع کے وزرأ کونڈا سریکھا اور چیف اڈوائزر برائے سی ایم نریندرریڈی نے بھی شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران مختلف اہم پراجکٹس بشمول ورنگل سٹی ڈیولپمنٹ، اِنر رنگ روڈ، آؤٹر رنگ روڈ، بھدرا کالی جھیل اور مجوزہ ایرپورٹ پرتوجہ دی گئی۔سرینواس ریڈی نے عہدیداروں پرزوردیا کہ مختلف پراجکٹس کے تعلق سے ایک تفصیلی رپورٹ تیار کی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ سارے کام وقت پر مکمل ہو۔

OO

بی آر ایس پارٹی کی طلبہ تنظیم کے لیڈرس نے کانگریس کے ارکان اسمبلی ایلیا اور سرینواس ریڈی کی جانب سے پارٹی کی ایم ایل سی کویتا کے خلاف ادا کئے گئے نازیبا الفاظ کی مذمت کی ہے اور مذکورہ ایم ایل ایز سے معذرت خواہی کا مطالبہ کیا۔اسٹوڈنٹس لیڈرس نے کہا کہ اگران کے مطالبہ کو پورا نہیں کیا جاتا ہے تب وہ انہیں سبق سکھائیں گے۔عثمانیہ یونیورسٹی آرٹس کالج کیمپس میں احتجاج کرتے ہوئے بی آر ایس وی، کے لیڈرس مدھو اور وجئے راؤ نے کہا کہ خاتون لیڈرس کے ساتھ غلط برتاؤ ناقابل قبول ہے۔

OO

ایودھیا۔کاشی، پونیا شیترا یاترا کے نام سے بھارت گوورو ٹورسٹ ٹرین کی 26ویں ٹرپ آج سے سکندرآباد ریلوے اسٹیشن سے شروع ہوئی۔ یہ سلسلہ انڈین ریلویز کی جانب سے شروع کیا گیا ہے جسے آئی آرسی ٹی سی کی جانب سے چلایا جارہا ہے۔گروپ جنرل منیجر آئی آرسی ٹی سی راج کمار کی موجودگی میں سینئر مسافرین نے اس ٹرین کو جھنڈی دکھائی۔ یہ ٹرین مختلف مشہور مقامات بشمول گیا، وارانسی، ایودھیا اور پریاگ راج کا احاطہ کرے گی۔ٹرین کا سفر 9 رات اور 10 دن پر مشتمل ہے جو اس ماہ کی 20 تاریخ تک جاری رہے گا۔

OO

چیف سکریٹری شانتی کماری نے آج بتایا کہ سکریٹریٹ کے دفاتر کے باقاعدہ ملازمین بشمول آؤٹ سورسنگ کی بنیاد پر کام کرنے والے ارکان عملہ کی حاضری کی ریکارڈنگ کے لئے چہرے کو شناخت کرنے والے سسٹم کا استعمال کیا جائے گا۔یہ سلسلہ کل سے شروع ہوگا۔ انہوں نے تمام محکموں کو جاری کردہ سرکولر میں یہ بات بتائی۔

OO